MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# میپکو میگ
ملتان



میپکو ہیڈکوارٹر میں
نیٹ میٹرنگ سسٹم کا افتتاح



مبارک پور میں
گرڈ اسٹیشن کا افتتاح

دوران ڈیوٹی خواتین کو تحفظ فراہم کے لئے وویمن پروٹیکشن بل کی بی او ڈی سے منظوری

انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA) سکھر کے طلبہ کا میپکو ہیڈکوارٹر کا دورہ

میپکو... خدمت و ترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈکوارٹر ملتان




# میپکو میٹ ملتان

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

مدیر اعلیٰ:
محمد نعیم اللہ
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن

جلد نمبر 08 | شمارہ 02 | فروری 2017ء | کل صفحات 16


## عرضِ مدیر




جمشید عالم نیازی
ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز


پاکستان دنیا کے ان چند ممالک میں سرفہرست ہے جہاں سورج سال کے بیشتر دنوں میں اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ چمکتا ہے لہذا شمسی توانائی ملک میں بجلی کی طلب کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ وزارت پانی و بجلی نے اسی صورتحال کے پیش نظر ایک نئی پالیسی تشکیل دی ہے جس کے تحت عام صارفین کو یہ سہولت فراہم کی گئی ہے کہ وہ سستی بجلی کے حصول کے یونٹ لگائیں اور اپنی اضافی بجلی ڈسٹری بیوشن کمپنی کو فروخت کرکے مالی فوائد حاصل کریں۔ پاکستان کے موجودہ حالات میں یہ ایک انقلابی اقدام ہے جس سے لوڈشیڈنگ پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ اس پالیسی کے تحت کوئی بھی صارف ایک کلوواٹ سے ایک ہزار کلوواٹ تک کا سولر سسٹم اپنے کنکشن پر نصب کرسکتا ہے جہاں ایک خصوصی میٹر لگایا جائے گا جو بجلی کی آمدورفت کا حساب رکھے گا۔ اضافی بجلی آن گرڈ انورٹر کے ذریعے گرڈ سسٹم کو واپس کی جاسکے گی۔ صارف میپکو سے جس ٹیرف پر بجلی خرید رہا ہے اسی ٹیرف پر بجلی فروخت کرسکے گا۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے لئے صارف کو نیپرا سے جنریشن لائسنس حاصل کرکے متعلقہ ایکسین آپریشن کو اس سسٹم کی تنصیب کی درخواست دے گا اور ضروری کاروائی کے بعد صارف کے کنکشن پر نیٹ میٹرنگ کا سسٹم نصب کردیا جائیگا۔ ایک کلوواٹ سولر پاور کے سسٹم کی تنصیب کے اخراجات تقریباً ایک لاکھ روپے ہیں جو کہ تین سال کے دوران صارف پورے کریگا۔

نیٹ میٹرنگ کا یہ نظام جہاں ملک میں شمسی توانائی کے استعمال کے رجحان میں اضافہ کریگا وہاں عام صارفین کو پاور سیکٹر میں براہ راست سرمایہ کاری اور اس سے مالی فوائد کے حصول کا ذریعہ بھی بنے گا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ اب صارفین اس سکیم سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس میں بھرپور حصہ لیں تاکہ وہ سستی بجلی کے حصول کے ساتھ ساتھ لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کے لئے جاری کوششوں میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

## اس شمارے میں


| | |
|---|---|
| وفاقی سیکرٹری پانی و بجلی کا دورہ میپکو | 02 |
| تقریب تقسیم اسناد و کیش انعامات | 04 |
| میپکو اور ٹیلی نار کے درمیان معاہدہ | 05 |
| وفاقی وزیر سکندر حیات بوسن کی میپکو چیف سے ملاقات | 06 |
| میپکو کے وفد کا کے الیکٹرک کا دورہ | 07 |
| اجلاس میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز | 08 |
| ریٹائرمنٹ تقریب | 09 |
| مبارک پور گرڈ اسٹیشن کا افتتاح | 10 |
| آئی بی اے سکھر کے طلباء و طالبات کا دورہ میپکو | 11 |
| میپکو چیف کا ترقی پانے والے ملازمین سے خطاب | 12 |
| ترقی و تعیناتی/اسپورٹس اپ ڈیٹ | 13 |



فوٹو گرافی: ــــــــــــ جواد احمد
ڈیزائننگ: ــــــــــــ ریحان محمود قادری
پرنٹر: ــــــــــــ ایس حیدر پرنٹرز ملتان
ویب ایڈیشن: ــــــــــــ خرم جاوید

www.mepco.com.pk
For Con: 061-9220062
MEPCO TODAY
For Feedback:
dmprmepco@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

# حکومت لوڈشیڈنگ ختم کرنے کے لئے پُرعزم ہے

محمد یونس ڈھاگہ
وفاقی سیکرٹری برائے پانی و بجلی

## بجلی چوری کی روک تھام کے لئے میپکو کے اقدامات قابل تعریف ہیں۔ میپکو ہیڈکوارٹر میں اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

### میپکو ہیڈکوارٹر میں نیٹ میٹرنگ منصوبے، نوتعمیر شدہ سپورٹس کمپلیکس کا بھی افتتاح

وفاقی سیکرٹری برائے پانی و بجلی محمد یونس ڈھاگہ نے کہا ہے کہ حکومت لوڈشیڈنگ ختم کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ بجلی کے پیداواری منصوبوں کے ساتھ ساتھ ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کو بھی اپ گریڈ کیا جارہا ہے تاکہ بجلی کی بلاتعطّل فراہمی میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ وہ میپکو ہیڈکوارٹر میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کررہے تھے جس میں چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، جوائنٹ سیکرٹری ٹرانسمیشن وزارت پانی و بجلی ظفر عباس، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو





وفاقی سیکرٹری برائے پانی و بجلی محمد یونس ڈھاگہ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین میپکو ہیڈکوارٹر میں نیٹ میٹرنگ منصوبے کا افتتاح کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب دُعا مانگ رہے ہیں۔

انجینئر مسعود صلاح الدین، جنرل منیجر ایم اینڈ ایس پیپکو خالد نذیر، جنرل منیجر ریونیو اینڈ کمرشل آپریشن محمد سلیم، ڈائریکٹر فنانس پیپکو ندیم خان، ڈائریکٹر آر اینڈ سی او میر حسن، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی آئی ٹی سی توقیر حسن بخاری، ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ، چیف انجینئرز سرفراز احمد ہراج، شاہد حمید چوہان، سرفراز احمد خان، محمود احمد خان اور میپکو کے تمام شعبوں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی۔ وفاقی سیکرٹری نے کہا کہ میپکو بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہے اور امید ہے کہ اسی طرح سے صارفین کو سہولیات فراہم کرنے کے لئے کام کرتی






وفاقی سیکرٹری برائے پانی و بجلی محمد یونس ڈھاگہ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین میپکو ہیڈکوارٹر میں نوتعمیر شدہ سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کرنے کے بعد دُعا مانگ رہے ہیں۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ، ایڈیشنل چیف انجینئر سول عبدالجبار اور دیگر افسران بھی موجود ہیں۔

رہے گی۔انہوں نے کہا کہ بجلی چوری کی روک تھام کے لئے میپکو کے اقدامات قابل تعریف ہیں۔ڈی جی خان اور رحیم یار خان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد لی جائے اور بجلی چوروں کے خلاف کاروائی میں تیزی لائی جائے۔مظفر گڑھ میں بلوں پر ریڈنگ کی تصاویر کی اشاعت بہتر نہ ہونے پر کاروائی کی جائے۔انہوں نے کہا کہ حکومت لوڈشیڈنگ ختم کرنا چاہتی ہے مگر ہائی لاس فیڈرز اس راہ میں رکاوٹ ہیں جن فیڈرز پر بجلی چوری زیادہ ہے انہیں ریلیف نہیں دے سکتے۔انہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کی ڈسٹری بیوشن سسٹم کی مینٹی نینس کے لئے الگ شعبہ بنانے کی تجویز کو سراہا اور اس پر ورکنگ کر کے جامع پروگرام بنانے کی ہدایت کی جس

## ڈی جی خان اور رحیم یار خان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد لی جائے اور بجلی چوروں کے خلاف کاروائی میں تیزی لائی جائے

کے تحت مینٹی نینس کے لئے الگ سے افسران اور عملہ تعینات کیا جائے اور انہیں مطلوبہ بھاری مشینری اور تربیت بھی فراہم کی جائے۔چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے میپکو کی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میپکو نے رواں مالی سال 17-2016ء کی پہلی ششماہی میں بلنگ کی مد میں پرائیویٹ اور سرکاری صارفین سے 76 ارب 27 کروڑ روپے سے زائد وصولیاں کی ہیں جس سے پروگریسو ریکوری کی شرح 100 فیصد رہی ہے۔دسمبر 2016ء میں میپکو ریجن



وفاقی سیکرٹری برائے پانی و بجلی محمد یونس ڈھاگہ، چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین اور جنرل منیجر ریونیو اینڈ کمرشل پیپکو محمد سلیم میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

میں صارفین کے بجلی بلوں پر میٹر ریڈنگ کی درست تصاویر کی شرح 96 فیصد رہی ہے۔جولائی تا دسمبر 2016ء کے دوران میپکو نے 2 لاکھ 78 ہزار 928 بجلی چوروں کو مجموعی طور پر 80 کروڑ 57 لاکھ 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا اور اس میں سے 53 کروڑ 82 لاکھ 90 ہزار روپے وصول کر کے محکمہ کے خزانے میں جمع کروائے گئے ہیں جبکہ 2286 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات کے اندراج کے لئے درخواستیں مختلف پولیس سٹیشنوں کو بھجوائی گئی ہیں۔سیکرٹری پانی و بجلی نے میپکو ہیڈکوارٹر میں نیٹ میٹرنگ منصوبے کا بھی افتتاح کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت بجلی کی پیداوار کے متبادل منصوبوں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔نیٹ میٹرنگ منصوبے کے تحت کوئی بھی صارف ڈسٹری بیوشن کمپنی کو بجلی فروخت کر سکتا ہے۔کم سے کم ایک کلوواٹ سے ایک میگاواٹ تک سولر ذرائع سے پیدا کی ہوئی بجلی صارف میپکو کو فروخت کر سکتا ہے۔اس سے بجلی بحران میں کمی ہوگی اور ملک میں سولر پاور کو استعمال کرنے کے رجحان میں بھی اضافہ ہوگا۔سیکرٹری پانی و بجلی نے میپکو ہیڈکوارٹر میں نو تعمیر شدہ سپورٹس کمپلیکس کا بھی افتتاح کیا اور کہا کہ سپورٹس صحت مند ماحول فراہم کرنیکا ذریعہ ہیں۔ملازمین کو کام کے ساتھ ساتھ صحت مندانہ سرگرمیوں میں بھی حصہ لینا چاہئے تا کہ وہ بھرپور توانائی کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دے سکیں۔

# فیلڈ میں آنے والے مسائل سے نمٹنے کے لئے وزارت پانی و بجلی مکمل سپورٹ دے گی

محمد یونس ڈھاگہ
وفاقی سیکرٹری برائے پانی و بجلی

## بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و ملازمین میں تعریفی اسناد اور کیش انعامات تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

### چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، جنرل منیجر ریونیو اینڈ کمرشل آپریشن محمد سلیم کی بھی شرکت

وفاقی سیکرٹری برائے پانی و بجلی محمد یونس ڈھاگہ نے کہا ہے کہ کمپنی کے مفادات کا تحفظ کرنے اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و ملازمین کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ فیلڈ میں آنے والے مسائل سے نمٹنے کے لئے وزارت پانی و بجلی مکمل سپورٹ دے گی۔ یہ میپکو نے اچھی روایت قائم کی ہے کہ کارکردگی دکھانے والے ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے اس سے دیگر ملازمین میں بھی کام کرکے دکھانے کی ترغیب پیدا ہوگی۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و ملازمین میں تعریفی اسناد اور کیش انعامات تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، جنرل منیجر ریونیو اینڈ کمرشل آپریشن محمد سلیم، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان اور ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت پانی و بجلی کی جانب سے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے افسران و ملازمین کی کارکردگی کو مسلسل مانیٹر کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ میپکو ریجن میں 21 افسران اور ملازمین کو شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے، بجلی بلوں پر



وفاقی سیکرٹری برائے پانی و بجلی محمد یونس ڈھاگہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور خانیوال میں ٹیوب ویل صارفین کا تشدد کا نشانہ بننے والے میپکو افسران و ملازمین میں تعریفی سرٹیفکیٹس اور کیش انعامات تقسیم کررہے ہیں۔ چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین اور چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان بھی موجود ہیں۔

میٹر ریڈنگ کی درست تصاویر پرنٹ کرنے، لائن لاسز اور ریکوری اہداف حاصل کرنے پر تعریفی اسناد تقسیم کی گئی ہیں ان میں سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولپور جمیل الرحمٰن، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل میپکو ملتان سرکل علی اکرم گجر، ایگزیکٹو انجینئر میپکو ڈویژن میلسی شاہد نذیر، قائمقام ایس ڈی او قائم پور سب ڈویژن بہاولپور ریحان یوسف، کمرشل اسسٹنٹ محمد انصر بھٹہ، ملتان سرکل کے میٹر ریڈرز محمد اجمل خان، بابر، جہانزیب، مشتاق احمد، الیاس صدیق، توصیف احمد، محمد وحید، اعجاز احمد چن، اے ڈی بھٹی، عامر بشیر، عبدالرحمٰن، زاہد حسین، منیر بیگ اور عمران حیدر شامل ہیں۔ وفاقی سیکرٹری نے خانیوال میں ٹیوب ویل صارفین کی جانب سے تشدد کا نشانہ بننے اور ڈیفالٹرز سے ریکوری کرنے والے میپکو افسران اور ملازمین ایگزیکٹو انجینئر آپریشن میپکو خانیوال ڈویژن ملک اشفاق احمد، ایس ڈی او امیر عباس، لائن سپریٹنڈنٹ فرسٹ رانا محمد نوید عالم، لائن سپریٹنڈنٹ سیکنڈ حافظ لیاقت منظور، سینئر کلرک محسن علی، لائن مین فرسٹ محمد اشفاق، محمد اشرف اور اسسٹنٹ لائن مین عبدالواحد میں تعریفی

اسناد اور کیش ایوارڈ تقسیم کئے۔انہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین کو ہدایت کی کہ ملزمان کے خلاف میپکو کے اخراجات پر مقدمہ لڑا جائے اوران ملازمین کا بہترین علاج کروایا جائے۔انہوں نے تمام ملازمین کو 15 ہزار روپے فی کس انعام دینے کا حکم جاری کیا۔انہوں نے کہا کہ آئندہ بھی کمپنی مفادات کا تحفظ کرنے اور ادارے کی ترقی کے لئے کام کرنے والے افسران وملازمین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے وفاقی سیکرٹری پانی وبجلی کو بتایا کہ رواں مالی سال 17-2016ء کی پہلی ششماہی کے دوران ناقص کارکردگی دکھانے اور ادارے کو نقصان پہنچانے پر 2546 افسران وملازمین کے خلاف ایکشن لیا گیا ہے۔جولائی تا دسمبر 2016ء کے درمیانی عرصے میں گریڈ ایک سے گریڈ 17 کے 22 افسران کو محکمہ سے فارغ جبکہ ایک ایکسین سمیت دو ملازمین کو جبری ریٹائر کیا گیا ہے۔39 افسران وملازمین کی تنزلی، 48 افسران وملازمین کی تنخواہوں سے نقصان پورا کرنے، 523 ملازمین اور افسران کی ترقیاں اور سالانہ تنخواہوں میں اضافہ روکا گیا ہے جبکہ 1911 افسران وملازمین کو تنبیہ (وارننگ) دی گئی ہے۔دریں اثناء وفاقی سیکرٹری پانی وبجلی محمد یونس ڈھاگہ نے تھرمل پاور سٹیشن مظفر گڑھ میں فرنس آئل کی آئل ٹینکرز سے پاور سٹیشن میں منتقلی کے جدید ڈیجیٹل سسٹم کا افتتاح کیا۔انہوں نے آئل ٹینکرز سے فرنس آئل کی منتقلی، کنٹرول رومز، بجلی کے پیداواری یونٹس، لیبارٹری اور ڈیکینٹنگ سٹیشن کا بھی دورہ کیا اور مختلف یونٹس کی پیداواری صلاحیت کو مزید بہتر بنانے اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی پر زور دیا۔انہوں نے ٹی پی ایس کے ڈیکینٹنگ سٹیشن پر فرنس آئل کے معیار کو یقینی بنانے اور چیکنگ کے نظام کو جدید کیمیکل لیبارٹری کے ذریعے موثر بنانے پر اطمینان کا اظہار کیا۔جوائنٹ سیکرٹری ٹرانسمیشن وزارت پانی وبجلی ظفر عباس، چیف ایگزیکٹو آفیسر جینکو ہولڈنگ کمپنی میاں محمد عمران اور چیف انجینئر جینکو تھری ندیم احمد نے سیکرٹری پانی وبجلی کو تھرمل پاور سٹیشن مظفر گڑھ کی بجلی کی پیداواری استطاعت کو مستقبل قریب میں بڑھانے کے سلسلہ میں کئے جانے والے اقدامات کے بارے میں بریف کیا۔بعدازاں سیکرٹری نے تمام پلانٹ منیجرز کو اپنی اعلیٰ صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لا کر عوام کو مطلوبہ مقدار میں سستی بجلی کی فراہمی پر زور دیا تا کہ عوام کو لوڈ شیڈنگ کے منفی اثرات سے بچایا جا سکے۔

# میپکو اور ٹیلی نار کے درمیان سروسز فراہم کرنے کے معاہدے میں ایک سال کی توسیع

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اور میسرز ٹیلی نار موبائل کمپنی کے درمیان موبائل فون سروسز فراہم کرنے کے معاہدہ میں 31 دسمبر 2017ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔میسرز ٹیلی نار کی جانب سے میپکو کو بہترین کالز کی سہولیات فراہم کرنے پر اس معاہدے میں مسلسل پانچویں سال توسیع کی گئی ہے۔میپکو ہیڈکوارٹر میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورسز میپکو محمد نعیم اللہ اور کارپوریٹ اکاؤنٹس سپیشلسٹ ٹیلی نار سعید خان نے معاہدے میں توسیع کے دستاویزات کا تبادلہ کیا۔میسرز ٹیلی نار کے ساتھ سروسز فراہمی کے معاہدہ میں یکم جنوری 2017ء سے 31 دسمبر 2017ء تک توسیع کی گئی ہے۔اس موقع پر منیجر کارپوریٹ سیلز اینڈ سروسز ذیشان احمد خان، منیجر کارپوریٹ سروسز ٹیلی نار احسان مصطفیٰ، منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، ڈپٹی منیجر سروسز محمد وجاہت بچہ اور سپریٹنڈنٹ سمیع اللہ قریشی بھی موجود تھے۔



ڈی جی ایچ آر میپکو نعیم اللہ ٹیلی نار سے معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کر رہے ہیں

# بجلی کی پیداوار کے کئی منصوبے رواں سال کے اختتام تک مکمل ہو جائیں گے

**سکندر حیات خان بوسن**
وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ

## میپکو ہیڈ کوارٹر میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین سے ملاقات کے دوران گفتگو

## ممبر قومی اسمبلی سردار محمد جعفر خان لغاری نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 174 راجن پور۔1 کے بجلی مسائل بارے گفتگو

وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سکندر حیات خان بوسن نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت بجلی بحران کے خاتمہ کے لئے تیزی سے کام کر رہی ہے۔بجلی کی پیداوار کے کئی منصوبے رواں سال کے اختتام تک مکمل ہو جائیں گے جس سے ہزاروں میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل ہوگی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹر میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ممبر قومی اسمبلی سردار محمد جعفر خان لغاری بھی موجود تھے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ میپکو ریجن میں سسٹم کی اپ گریڈیشن کے لئے وزارت پانی و بجلی کی جانب سے اربوں روپے فراہم کئے گئے ہیں جس سے نئے گرڈ اسٹیشنوں کی تعمیر و اپ گریڈیشن، ٹرانسمیشن لائنوں کی تنصیب، نئے ہائی ٹینشن فیڈرز کی تعمیر و تنصیب اور نئی لو ٹینشن سکیموں پر کام کیا جا رہا ہے۔چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ نئے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے اور امید ہے کہ جون 2017ء تک سسٹم کی اپ گریڈیشن کے تمام منصوبے مکمل ہو جائیں گے جس سے میپکو ریجن کے زیر انتظام 13 اضلاع کے بجلی صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی ممکن ہو جائے گی۔انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 151 ملتان میں درجنوں لو ٹینشن سکیموں پر کام جاری ہے جبکہ کئی سکیمیں مکمل کر لی گئی ہیں۔ممبر قومی اسمبلی سردار محمد جعفر خان لغاری نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 174 راجن پور۔1 کے بجلی مسائل بارے گفتگو کی جس پر چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے متعلقہ افسران کو فوری طور پر مسائل حل کرنے اور معزز رکن اسمبلی سے رابطہ میں رہنے کی ہدایت کی۔



وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سکندر حیات خان بوسن میپکو ہیڈ کوارٹر میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین سے ملاقات کر رہے ہیں۔ ممبر قومی اسمبلی سردار محمد جعفر خان لغاری بھی موجود ہیں۔

# میپکو افسران کا دورہ کے ۔ الیکٹرک

’کے الیکٹرک‘ کراچی میں بجلی کی تقسیم کا ادارہ ہے۔ پرائیوٹائزیشن کے بعد کے الیکٹرک ملک میں کارپوریٹ کلچر کی کامیاب مثال تسلیم کیا جاتا ہے۔ کے الیکٹرک نے ڈسٹری بیوشن کمپنیز میں نئی روایات اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو اپنایا اور کامیابی کی مثال قائم کی۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی بھی دور جدید کے تقاضوں سے خود کو ہم اہنگ کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے۔ میپکو دیگر ڈسٹری بیوشن کمپنیز سے کئی پہلوؤں میں بہت آگے ہے جیسے جی آئی ایس میپنگ (GIS Mapping) اور سنرجی سافٹ ویئر کا کامیابی سے استعمال صرف میپکو میں کیا جا رہا ہے۔ ٹیوب ویل کنکشنز اور 20 کلوواٹ سے زائد لوڈ کے حامل تمام کنکشنز پر جدید اے ایم آر میٹرز نصب کئے جا چکے ہیں جس سے نہ صرف صارفین مطمئن ہیں بلکہ کمپنی کو بھی فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔



کے الیکٹرک کے دورے کے موقع پر کے الیکٹرک انتظامیہ کی جانب سے چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ سرفراز احمد خان اور ڈائریکٹر فنانس امتیاز احمد جگری کو سووینئر دیئے جا رہے ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی اب انٹرپرائز ریسورس پراجیکٹ (ERP) پر کام کر رہی ہے تاکہ پیپر لیس انوائرمنٹ کی طرف قدم اٹھائے جا سکیں۔ اس طرح میپکو صارفین کی شکایات کے ازالہ اور انہیں بہترین سروسز فراہم کرنے کے لئے کال سنٹر کے قیام کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ یہ تمام منصوبے کے الیکٹرک نے کامیابی سے مکمّل کئے ہیں جنکا جائزہ لینے کے لئے میپکو کے اعلیٰ افسران پر مشتمل وفد نے کے الیکٹرک کا دورہ کیا۔ وفد میں چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ سرفراز احمد خان اور ڈائریکٹر فنانس امتیاز احمد جگری شامل تھے۔ وفد نے کے الیکٹرک کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور ان کی اعلیٰ انتظامیہ نے انہیں بریفنگ دی۔




چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ سرفراز احمد خان اور ڈائریکٹر فنانس امتیاز احمد جگری کا کے الیکٹرک کے دورے کے موقع پر کے الیکٹرک افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

کے الیکٹرک میں آئی ٹی اور ای آر پی میں بھاری سرمایہ کاری کی گئی ہے اور یہ شعبے کامیابی سے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ صرف 150 افراد اس شعبے میں کام کر رہے ہیں۔ کے الیکٹرک کا ورکنگ انوائرمنٹ مثالی نوعیت کا ہے۔ صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کے لئے کال سنٹر اور انٹی گریٹڈ بزنس سنٹر مختلف شعبوں کے فعال تعلق کو قائم رکھنے کے لئے بنائے گئے ہیں۔ بقیہ صفحہ نمبر 14

# حکومت کی جانب سے بجلی بحران کے خاتمہ کے لئے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے

خالد مسعود خان
چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز

## بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 121 ویں اجلاس سے خطاب

## نئے 132KV خان پور بگا شیر گرڈ اسٹیشن (مظفر گڑھ) کے قیام کے لئے زمین کی خریداری کی منظوری

## دوران ڈیوٹی خواتین کو تحفظ فراہم کے لئے وویمن پروٹیکشن بل کی بھی منظوری

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین خالد مسعود خان نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے بجلی بحران کے خاتمہ کے لئے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ وزارت پانی و بجلی کے احکامات کی روشنی میں میپکو ریجن کے ڈسٹری بیوشن سسٹم کی استعداد کار میں توسیع کے منصوبے کے تحت سسٹم اپ گریڈ کیا جا رہا ہے تا کہ بجلی بحران کے خاتمہ کے بعد صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی بلا تعطّل فراہمی ممکن ہو سکے۔ میپکو ریجن میں اربوں روپے کی لاگت سے نہ صرف نئے گرڈ اسٹیشنز بنائے جا رہے ہیں بلکہ پہلے سے موجود گرڈ اسٹیشنز کی اپ گریڈیشن کے منصوبے مکمّل کئے جا رہے ہیں۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 121 ویں اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، بورڈ ڈائریکٹر/جوائنٹ سیکرٹری ٹرانسمیشن وزارت پانی و بجلی ظفر عباس، ایڈیشنل سیکرٹری وزارت فنانس محمد انور شیخ، خواجہ محمد اعظم، زاہد پرویز مڑل، میاں شاہد اقبال، ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد



چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان بورڈ کے 121 ویں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین اور بورڈ ارکان بھی شریک ہیں۔

نعیم اللہ، ڈائریکٹر فنانس امتیاز احمد جگری، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان، ایڈیشنل ڈائریکٹر فنانس پی ایم یو میاں انصار محمود، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری، منیجر لیگل ملک امیر عباس سامٹیہ، منیجر پروکیورمنٹ عمانوئیل سردار، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی محمد عمر لودھی اور منیجر میٹریل مینجمنٹ صدیق اللہ خان بھی موجود تھے۔

انہوں نے کہا کہ صارفین اور ملازمین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے بورڈ ہر ممکن اقدامات اٹھا رہا ہے۔ اجلاس میں نئے 132KV خان پور بگا شیر گرڈ اسٹیشن (مظفر گڑھ) کے قیام کے لئے زمین کی خریداری کی منظوری دی گئی۔ بورڈ نے سیکنڈری ٹرانسمیشن اینڈ گرڈ سسٹم کے منصوبے، انرجی لاس ریڈکشن پروگرام (ای ایل آر) اور ڈویلپمنٹ آف پاور کے پی سی ون کی منظوری جبکہ نیٹ میٹرنگ کے منصوبے کے لئے پالیسی اور اس پر کام کرنے والے ملازمین کے لئے اعزازیہ دینے کی منظوری، 25 کے وی اے کے 2000 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز، 200 کے وی اے کے 150 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز، 3 لاکھ لیٹر ٹرانسفارمر آئل، نئی گاڑیوں، کرینوں اور بکٹ کرینوں کی خریداری، سنگل فیز میٹرز، 140 کلومیٹر 15 کے وی 500 ایم سی ایم کیبل، 4500 ہائی ٹینشن سپن پولز کی خریداری کی منظوری دی گئی۔ بورڈ نے 11KV گنج شکر فیڈر (220KV یوسف والا گرڈ اسٹیشن)، 11KV سلطان صلاح الدین فیڈر (66KV چک L-83/12 گرڈ اسٹیشن) کی بائفرکیشن اور اپ گریڈیشن، میپکو ملازمین کو موبائل سروسز فراہم کرنے والی کمپنی میسرز ٹیلی نار سے معاہدے میں ایک سال کے لئے توسیع، معذور ملازمین کے لئے سپیشل کنوینس الاؤنس دینے، دوران ڈیوٹی خواتین کو تحفظ فراہم کے لئے وویمن پروٹیکشن بل کی منظوری دی گئی۔

# ریٹائر ہونے والے ملازمین کے لئے محکمہ کے دروازے کھلے ہیں

**محمد نعیم اللہ**
ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو

## 44 ملازمین میں واجبات کے چیک، پنشن بکس اور تحائف تقسیم کئے گئے

ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا ہے کہ اپنی زندگی کے بھرپور سال کمپنی کی خدمت کر کے باعزت ریٹائر ہونے والے مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جو سرکاری ملازمت کرتا ہے اسے ایک نہ ایک دن ریٹائر ہونا ہے۔ وہ میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ 95 ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ریٹائر ہونے والے ملازمین کے لئے محکمہ کے دروازے کھلے ہیں وہ کسی بھی مسائل و مشکلات کے حل کے لئے افسران سے براہ راست رابطہ کریں۔ میں



ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ 95 ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ریٹائر ہونے والے افسران و ملازمین کو خوشیاں دے۔ قبل ازیں ریٹائر ہونے والے 44 ملازمین میں واجبات کے چیک، پنشن بکس اور تحائف تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، ڈپٹی منیجر ٹی اینڈ ایم پی میاں محمد سہیل افضل، ڈپٹی منیجر اکاؤنٹس اقبال منور، اسسٹنٹ منیجر ایچ آر ایم حیدر عثمان، سپرینٹنڈنٹ ایڈمن سمیع اللہ قریشی اور یونین عہدیدار مدثر بھٹی نے بھی شرکت کی۔

# حکومت توانائی بحران کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے

صاحبزادہ میاں نجیب الدین اویسی
وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے کامرس

## نئے 132KV مبارک پور گرڈ اسٹیشن کی افتتاحی تقریب اور جلسہ عام سے خطاب

### گرڈ اسٹیشن کی تکمیل سے ہزاروں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہمی ممکن ہوجائے گی۔شاہد حمید چوہان چیف انجینئرڈویلپمنٹ

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے کامرس / ممبر قومی اسمبلی صاحبزادہ میاں نجیب الدین اویسی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت توانائی بحران سے نمٹنے کی بھرپور کوشش کررہی ہے۔ملک میں پانی،کوئلہ،گیس،ایل این جی اور دیگر ذرائع سے سستی بجلی کی فراہمی کے درجنوں منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے اور 2018ء کے اوائل میں 9 سے 10 ہزار میگا واٹ سستی بجلی سسٹم میں شامل ہوجائے گی۔وہ نئے 132KV مبارک پور گرڈ اسٹیشن کی افتتاحی تقریب اور جلسہ عام سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ تھر میں کوئلہ سے بجلی کی پیداوار کے منصوبے تیزی سے جاری ہیں۔مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے اقتدار سنبھالتے ہی بجلی بحران سے نکلنے کی ٹھوس منصوبہ بندی کی جس میں ایک طرف بجلی پیدا کرنے کے منصوبے شروع کئے گئے ہیں جبکہ دوسری طرف ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کے نظام کو بہتر بنایا جارہا ہے۔وزارت پانی وبجلی کی بہترین کارکردگی کے نتیجے میں ملک کے ٹرانسمیشن لائن لاسز میں کمی ہوئی ہے جس سے اربوں روپے بچت ہوئی جبکہ ریکوری کی شرح بھی پہلے سے بہتر ہوگئی ہے۔صارفین کو فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اربوں روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی مانیٹرنگ کی جارہی ہے



پارلیمانی سیکرٹری برائے کامرس صاحبزادہ میاں نجیب الدین اویسی نئے 132KV مبارک پور گرڈ اسٹیشن کا افتتاح کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں۔ممبر صوبائی اسمبلی خالد وارن اور چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو شاہد حمید چوہان بھی ہمراہ ہیں۔

جس سے کمپنیوں کی کارکردگی مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہے۔پارلیمانی سیکرٹری برائے کامرس نے بٹن دبا کر گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی فراہمی کا افتتاح کیا۔وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اور ممبر صوبائی اسمبلی خالد وارنے مبارک پور گرڈ اسٹیشن کی قلیل مدت میں تکمیل پر چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان اور میپکو انتظامیہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان نے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میپکو اپنے تقریباً ساڑھے 55 لاکھ صارفین کو بہتر سروسز فراہم کرنے کے لئے دن رات سرگرم ہے۔نئے 132KV مبارک پور گرڈ اسٹیشن میں 20/26 ایم وی اے کے دو پاور ٹرانسفارمرز، 2 لائن بیز (Bays)، ایک پاور ٹرانسفارمر بے (Bay) تعمیر کی گئی ہے اور اس گرڈ اسٹیشن کو بجلی فراہم کرنے 1.2 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائن بچھائی گئی ہے اس منصوبے پر مجموعی طور پر 33 کروڑ روپے لاگت آئی ہے۔اس گرڈ سے 11KV سٹی مبارک پور فیڈر اور 11KV ٹڈ پیرواہ فیڈر سے ملحقہ علاقوں کے ہزاروں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہمی ممکن ہوجائے گی اور ٹرپنگ بھی نہیں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ احمد پور ایسٹ، سمہ سٹہ اور ہیڈ راجکاں کے علاقوں کے صارفین کو بھی بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی ممکن ہوگئی ہے۔اس موقع پر چیف انجینئر ٹی اینڈ جی میپکو میاں ناصر رشید، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی عمر لودھی، سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولپور جمیل الرحمٰن، سپرنٹنڈنگ انجینئر جی ایس او سرکل ملتان خالد خان اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

# رواں مالی سال میں بھی کارکردگی برقرار رکھتے ہوئے 100 فیصد اہداف حاصل کریں گے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

## انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA) سکھر کے طلباء وطالبات کے وفد سے میپکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات

## میپکو کے صارفین کی تعداد 55 لاکھ 32 ہزار 287 ہوگئی۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ رواں مالی سال 17-2016ء کی پہلی ششماہی میں میپکو کی کارکردگی بہترین رہی ہے اور ہماری پوری کوشش ہے کہ جون 2017ء تک ماہانہ اور سالانہ 100 فیصد اہداف حاصل کر کے اس کارکردگی کو برقرار رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA) سکھر کے طلباء وطالبات کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد کی قیادت ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر فہیم اختر نے کی جبکہ انجینئر جمشید انصاری اور انجینئر سلیم ابڑو بھی ان کے ہمراہ تھے جبکہ میپکو کی جانب سے چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ، منیجر ایم اینڈ ٹی محمد یعقوب، ڈپٹی منیجرز پلاننگ میاں قیصر عباس اور سہیل احمد بھٹی بھی موجود تھے۔ میپکو چیف نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کمپنی نے رواں مالی سال







چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان اور ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن سکھر کے طلباء وطالبات کے وفد کو بریفنگ دے رہے ہیں۔

17-2016ء کی پہلی ششماہی میں بلنگ کی مد میں پرائیویٹ اور سرکاری صارفین سے 76 ارب 27 کروڑ روپے سے زائد وصولیاں کی ہیں جس سے پروگریسو ریکوری کی شرح 100 فیصد رہی ہے۔ دسمبر 2016ء میں میپکو ریجن میں صارفین کے بجلی بلوں پر میٹر ریڈنگ کی درست تصاویر کی شرح 96 فیصد رہی ہے۔ جولائی تا دسمبر 2016ء کے دوران میپکو نے 2 لاکھ 78 ہزار 928 بجلی چوروں کو مجموعی طور پر 80 کروڑ 57 لاکھ 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا اور اس میں سے 53 کروڑ 82 لاکھ 90 ہزار روپے وصول کر کے محکمہ کے خزانے میں جمع کروائے گئے ہیں جبکہ 2286 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات کے اندراج کے لئے درخواستیں مختلف پولیس سٹیشنوں کو بھجوائی گئی ہیں۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان نے بتایا کہ میپکو کے صارفین کی تعداد 55 لاکھ 32 ہزار 287 ہوگئی ہے جس میں 48 لاکھ 93 ہزار 792 گھریلو، 5 لاکھ 3 ہزار 879 کمرشل، 53 ہزار 506 صنعتی، 79 ہزار 85 زرعی ٹیوب ویل، 446 بلک اور 1580 دیگر صارفین شامل ہیں۔ صوبہ پنجاب کی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے مقابلے میں میپکو صارفین کی تعداد دوگنی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میپکو کے 127 گرڈ اسٹیشنوں میں نصب پاور ٹرانسفارمرز کی تعداد 273 ہے جبکہ ایک لاکھ 54 ہزار 517 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز جنوبی پنجاب میں صارفین کو بجلی فراہم کر رہے ہیں۔ بعد ازاں وفد کو پلاننگ اینڈ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ میپکو اور اے ایم آئی سیل کا دورہ بھی کروایا گیا۔

# وزارت پانی و بجلی کے احکامات پر سزا و جزا دینے کی پالیسی پر عملدرآمد کیا جارہا ہے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

## پروموشن بورڈ کی منظوری سے ڈپلومہ ہولڈرز اپر ٹیکنیکل سب آرڈینیٹ سٹاف کو اسسٹنٹ مینیجرز/جونیئر انجینئرز بنیادی سکیل 17 میں ترقی دی گئی ہے۔ محمد نعیم اللہ ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ ترقی پا کر افسر بننے والے محکمہ کے لئے دل و جان سے کام کریں اور محکمہ کی کارکردگی کو مزید ئیں۔ وہ میپکو ہیڈکوارٹر میں آفیسر کیڈر میں ترقی پانے والے ملازمین سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آپ لوگ طویل تجربہ رکھتے ہیں اس تجربے کو ل میں لاتے ہوئے محکمہ کی ترقی کے لئے کام کریں اور نچلے عملے کو منتقل کریں۔ انہوں نے کہا کہ افسر رحمدل اور کھلے دل کے ساتھ سب کے مسائل حل کرتا ہے ں پوسٹنگ کی جارہی ہے وہاں محنت سے کام کریں۔ اتھارٹی آپ لوگوں سے امید کرتی ہے کہ آپ اپنے طویل تجربے کو کام میں لاتے ہوئے بہترین نتائج دیں انہوں نے کہا کہ وزارت پانی و بجلی کے احکامات پر کارکردگی کی بنیاد پر سزا اور جزا دینے کی پالیسی پر عملدرآمد کیا جارہا ہے۔ اچھی اور عمدہ کارکردگی دکھانے والے



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین ہیڈکوارٹر میں ترقی پانے والے ملازمین سے خطاب کر رہے ہیں۔

افسران و ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے جبکہ خراب اور ناقص کارکردگی کے حامل ملازمین و افسران کے خلاف سخت ترین محکمانہ کاروائی کی جارہی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا کہ پروموشن بورڈ کی منظوری سے ڈپلومہ ہولڈرز اپر ٹیکنیکل سب آرڈینیٹ سٹاف کو اسسٹنٹ مینیجرز/جونیئر انجینئرز بنیادی سکیل 17 میں ترقی دی گئی ہے ان میں محمد اسلم طاہر، خالد محمود، محمد طارق محمود، محمد امین، فضل الحق، فضل الرحمٰن، محمد طاہر، محمد طارق ظفر، عامر عباس، سید عمران اصغر، محمد نواز، خلیل احمد، محمد نواز اور محمد اعظم علی شامل ہیں۔ اس موقع پر چیف انجینئر آپریشن سرفراز احمد ہراج، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر پلاننگ سرفراز احمد خان، ڈپٹی مینیجر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی اور اسسٹنٹ مینیجر ایچ آر ایم جبار احمد خان بھی موجود تھے۔

# ترقی و تعیناتی



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے منیجر مارکیٹنگ، ٹیرف اینڈ کنٹریکٹ مینجمنٹ میاں ناصر رشید کو کرنٹ چارج بنیادوں پر چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) میپکو ملتان تعینات کر دیا ہے اور آپریشن سرکل ملتان کی انتظامی اور مالی ذمہ داریاں بھی انہیں تفویض کی گئی ہے۔



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے نئے ڈپٹی ڈائریکٹر سیکیورٹی میجر (ر) مظفر قادر ملک نے اپنے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ اس سے قبل وہ جامشورو تھرمل پاور کمپنی (جینکو۔I) میں فرائض سرانجام دے رہے تھے جہاں سے انکا تبادلہ میپکو میں کیا گیا ہے۔





ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے اسسٹنٹ منیجرز/جونیئر انجینئرز عہدے کے 2 افسران کو سینئر انجینئر (ایکسین) بنیادی سکیل 18 میں ترقی دے دی ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی منیجر / کمپنی سیکرٹری میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان انجینئر ساجد یعقوب انصاری اور ایڈیشنل ڈپٹی منیجر پی اینڈ ای پلاننگ ڈائریکٹوریٹ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان میاں قیصر عباس کو ماسٹرز آف انرجی بزنس مینجمنٹ (MBEM) کی تعلیمی قابلیت پر پروموشن بورڈ کی منظوری سے ترقی دی گئی ہے۔ انجینئر قیصر عباس کو ترقی دے کر ڈپٹی منیجر پروکیورمنٹ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان اور انجینئر ساجد یعقوب انصاری کو کمپنی سیکرٹری میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان تعینات کیا گیا ہے۔



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے سب ڈویژنل آفیسر سول، سول ورکس ڈویژن میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان راؤ محمد افضل صابر نے بنیادی سکیل 18 میں اپ گریڈ ہونے والے محکمانہ اپ گریڈیشن امتحان میں ملک بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے اور انہیں فوری طور پر ایک ایڈوانس انکریمنٹ دینے کے احکامات بھی جاری کئے گئے ہیں۔ ڈائریکٹر امتحانات واپڈا لاہور کی جانب سے جاری ہونے والے نتائج کے مطابق 23 نومبر 2016ء سے 17 جنوری 2017ء کے دورانئے میں ہونے والے بنیادی سکیل 18 کے محکمانہ اپ گریڈیشن امتحان میں ملک بھر سے کل 32 افسران نے شرکت کی۔ میپکو کے ایس ڈی او سول راؤ محمد افضل صابر نے تینوں پیپرز میں کامیابی حاصل کی اور مجموعی طور پر 70 فیصد سے زائد نمبرز حاصل کئے۔

## میپکو کی مختلف ٹیموں کے 15 کھلاڑی ملکی اور غیر ملکی ٹورنامنٹس/مقابلوں میں قومی ٹیم کی نمائندگی کریں گے۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کی مختلف ٹیموں کے 15 کھلاڑی ملکی اور غیر ملکی ٹورنامنٹس/مقابلوں میں قومی ٹیم کی نمائندگی کریں گے۔ میپکو ہینڈ بال ٹیم کے کھلاڑی زاہد علی اور تیکوانڈو ٹیم کے کھلاڑی نوید خان 12 تا 22 مئی 2017ء تک ازبکستان کے شہر باکو میں ہونے والی اسلامک گیمز میں قومی ٹیم کی نمائندگی کریں گے۔ 22 تا 26 فروری 2017ء تک دوبئی (یو اے ای) میں منعقدہ انٹرنیشنل بیچ (Beach) ہینڈ بال ٹورنامنٹ میں میپکو کے کھلاڑی آصف علی اور محمد عزیر لطیف شرکت کریں گے۔ 7 تا 9 اپریل 2017ء جناح سٹیڈیم پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں منعقد ہونے والی 48 ویں قومی اتھلیٹکس (مین/وویمنز) چیمپئن شپ میں میپکو کے 4 کھلاڑی محمد احمد، غزالہ رمضان، سمابیہ نورین اور شبانہ کوثر، ہیمر تھرو مقابلوں کے لئے رضیہ سلطانہ پاکستان واپڈا کی نمائندگی کریں گی جبکہ 65 ویں مسٹر اینڈ جونیئر مسٹر پاکستان باڈی بلڈنگ مقابلوں میں میپکو کے 5 کھلاڑی محمد قیصر، اعجاز، علی عمران شاہ، محمد ساجد اور محمد اکمل شرکت کریں گے۔ باڈی بلڈنگ مقابلے 25 تا 27 فروری 2017ء اسلام آباد میں منعقد ہوں گے۔ 28 فروری تا 4 مارچ 2017ء تک اسلام آباد میں ہونے والی قومی مینز نیٹ بال چیمپئن شپ میں میپکو نیٹ بال ٹیم کے کھلاڑی عمیر حسن شرکت کریں گے۔

شعبہ تعلقات عامہ میپکو نے سوشل میڈیا استعمال کرنے والے افراد کے لئے فیس بک پر "میپکو ٹوڈے" (MEPCO TODAY) کے نام سے Page بنایا ہے جس پر میپکو کی سرگرمیاں اور خبریں شیئر کی جاتی ہیں۔ تمام ڈسکوز میں میپکو پہلی کمپنی ہے جس نے کمپنی کی Out Reach میں اضافے کے لئے سوشل میڈیا کو کامیابی سے استعمال کیا ہے۔ قارئین https://www.facebook.com/MEPCO-Today-438586292886479/?ref=bookmarks کے لنک کے ذریعے اس Page تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس Page کی بدولت میپکو کی مثبت سرگرمیوں سے فیس بک استعمال کرنے والے افراد بخوبی باخبر رہ سکتے ہیں۔ facebook

بقیہ صفحہ نمبر 07 کے الیکٹرک نے بہت سے شعبے نجی اداروں کے حوالے کئے ہوئے ہیں جیسے سینٹری، سیکیورٹی، ٹرانسپورٹ اور بل ڈسٹری بیوشن جس سے ان شعبوں کی کارکردگی میں بہتری آئی ہے۔ کے الیکٹرک کے مقابلے میں بلوں کی ریکوری اور لائن لاسز کی شرح کے حوالے سے میپکو بہتر نتائج دے رہی ہے حالانکہ میپکو کا ڈسٹری بیوشن سسٹم، کے الیکٹرک سے کہیں وسیع ہے۔

کے الیکٹرک کے دورہ سے وفد کے اراکین کو کارپوریٹ کلچر کو قریب سے دیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملا جس سے ان منصوبوں کی میپکو میں تکمیل میں مدد ملے گی اور کے الیکٹرک کی انتظامیہ نے گرمجوشی اور فراخدلانہ طور پر وفد کے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔



ڈاکٹر علی عباس
میڈیکل سپیشلسٹ واپڈا ہسپتال ملتان

# انفلوئنزا (نزلہ، زکام)

انفلوئنزا یا فلو نظام تنفس میں خرابی کی بیماری ہے جو کہ ایک وائرس کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے، یہ ایک متعدی مرض ہے جو کہ متاثرہ شخص کے چھینکنے یا کھانسی کرنے کی وجہ سے دوسرے لوگوں میں پھیل جاتا ہے۔ حتیٰ کہ ہاتھ ملانے سے بھی یہ مرض دوسرے افراد کو لگ سکتا ہے۔

امریکہ میں ہر سال تقریباً 2 لاکھ افراد فلو میں مبتلا ہو کر ہسپتال داخل ہو جاتے ہیں جبکہ تقریباً 36 ہزار افراد اس مرض کی وجہ سے موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں۔ فلو کی علامات میں تیز بخار، ٹھنڈے پسینے، ناک سے پانی بہنا، سر درد، چھینکیں، جسم میں درد، خراب گلا اور آنکھوں سے پانی بہنا شامل ہیں۔

اکثر کیسز میں فلو خطرناک بیماری نہیں ہے مگر پیچیدگیاں پیدا ہونے پر مرض بگڑ جاتا ہے اور خطرناک نتائج کا حامل ہوتا ہے۔ اس مرض میں جن افراد میں پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں ان میں 65 سال سے زائد عمر کے افراد، شیر خوار بچے اور کم عمر بچے، حاملہ خواتین، دل کے مریض، دمہ کے مریض، ذیابطیس اور گردہ کے مریض، کینسر کے مریض اور ایسے مریض جنکا مدافعتی نظام کمزور ہو۔

فلو ایک وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے لہذا انٹی بائیوٹکس اس پر اثر نہیں کرتیں تاوقتیکہ فلو دوسری بیماری کا موجب نہ بن جائے جو کہ ایک بیکٹیریا کی وجہ سے ہوتا ہے۔ کچھ علامات جیسے سر درد اور جسم میں درد، درد کش ادویات کی وجہ سے بڑھ بھی سکتے ہیں۔ اسپرین 12 سال سے کم عمر کے فلو کے مریض کو نہیں دینی چاہئیں۔

فلو میں مبتلا افراد کو کوشش کرنی چاہئے کہ وہ حتی الامکان گھر پر رہیں، دوسرے لوگوں سے ملنے، ہاتھ ملانے سے احتراز کریں، خود کو گرم رکھیں اور آرام کریں۔ زیادہ سے زیادہ پانی پئیں، سگریٹ اور شراب سے دور رہیں اگر خوراک لے سکتے ہیں تو ضرور لیں۔

فلو سے بچنے کا بہترین طریقہ اس کی ویکسی نیشن ہے جو کہ 6 ماہ عمر سے زائد تمام افراد کو دی جاسکتی ہے اس میں دو طرح سے ویکسی نیشن کی جاتی ہے۔ پہلے طریقے میں بازو میں انجکشن کے ذریعے ویکسین دی جاتی ہے جبکہ دوسرے طریقے میں سپرے کے ذریعے ناک میں ویکسین ڈالی جاتی ہے۔ ہر سال ڈاکٹر کے مشورے سے ویکسی نیشن کروانے سے آپ فلو سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ سالانہ ویکسی نیشن ستمبر کے آغاز سے جنوری کے آخر تک کروائی جاسکتی ہے مگر یہ ویکسی نیشن سٹیلائزڈ ڈاکٹرز کے زیر نگرانی کروائی جائے کیونکہ بعض مریضوں کو یہ ویکسین مطلوبہ نتائج نہیں دیتی۔



# شیخ الاسلام حضرت بہاء الدین زکریا سہروردیؒ

خطہ ملتان اولیاء اللہ کی سرزمین کہلانے کا حقدار ہے کیونکہ اس علاقے کی روحانی پیاس بجھانے میں بے شمار گزیدہ بندے تشریف لائے جنہوں نے رشد وہدایت کا ایک عظیم سلسلہ شروع کیا۔ان تمام بزرگان دین میں شیخ الاسلام حضرت بہاء الدین زکریا سہروردیؒ کا نام ایک درخشندہ ستارہ کی مانند چمکتا رہے گا۔

آپ کا نام بہاء الدین زکریا ہے اور غوث العالمین بدر المشائخ، قطب العالمین، غوث الثقلین اور بہاء الحق کے القاب سے سرفراز ہوئے۔آپ کے روحانی اور علمی مقام کو سب نے تسلیم کیا۔سہروردی سلسلہ میں آپ کی خدمات نہایت عقیدت واحترام سے تسلیم کی گئی ہیں۔آپؒ 4 جون 1171ء کو کوٹ کروڑ (کروڑ لعل عیسن) میں پیدا ہوئے اور وفات 21 دسمبر 1262ء میں ہوئی۔

آپؒ نے قرامطہ کی ملحدانہ تعلیم سے نہ صرف اس خطہ کو پاک کیا بلکہ اسلام کی ترویج واشاعت کے لئے مختلف علاقوں کے سفر کئے۔آپ نے ملتان میں دینی تعلیمات کی ترویج کے لئے مدرسیہ بہائیہ کے نام سے ادارہ قائم کیا۔ساتھ ہی ساتھ روحانی علوم کو عام کرنے کے لئے خانقاہ غوثیہ کی بنیاد رکھی۔امراء وسلاطین سے روابط قائم کر کے اسلام کے عملی نفاذ کی راہیں ہموار کیں۔

حضرت بہاء الدین زکریاؒ کی فکر کی اساس شریعت اور طریقت پر استوار تھی۔آپ ذکر اللہ سے ذرا بھر غفلت کو موت سے تعبیر کرتے ہیں۔روحانیت کی بنیاد رسول ﷺ پر عمل کو قرار دیتے تھے۔حصول رزق حلال کا اس قدر اہتمام ہوتا کہ بیعت سے قبل اس کا عہد لیتے۔آپ نے دنیاوی معاملات میں شرکت کر کے روحانیت کے پیروکاروں کو منفرد روحانی اسلوب دیا۔

یوں تو ملتان میں سینکڑوں اور ہزاروں کی تعداد میں بزرگانِ دین نے قیام کیا اور علوم باطنہ سے تشنگان علم کی پیاس بجھائی ہے لیکن ان اولیاء میں حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی کی ذات بابرکت کو جو اہمیت اور خصوصیت حاصل ہے وہ کسی اور شخصیت کو حاصل نہیں۔آپؒ کا عرس مبارک ہر سال ماہ صفر میں بڑے عقیدت واحترام سے منایا جاتا ہے اور پاکستان کے دور دراز علاقوں سے ہزاروں عقیدت منداس میں شرکت کے لئے آتے ہیں۔

آپؒ کا مقام اولیاء وعرفاء میں بہت بلند ہے اور ان کے ہم عصر عرفاء وفضلاء آپ کے مداح تھے۔امام شافعی نے انہیں ''استاد زمانہ'' فرید گانہ، مطلع انوار، منبع الاسرار، دلیل الطریقۃ، ترجمان الحقیقہ، قدوۃ العارفین وعمدۃ السالکین العالم الربانی قرار دیا ہے۔